hpv vph
global action
action globale

کیا آپ کی سروکس ہے؟

کیا آپ کی سروائیکل اسکریننگ ہونے والی ہے؟

کیا آپ کو معلوم تھا؟

ایچ پی وی ویکسین لوگوں کو سروائیکل کینسر سمیت 9 مختلف اقسام کے کینسر سے بچانے کا محفوظ اور موثر طریقہ ہے۔

سروائیکل اسکریننگ – جو کہ اب تک پیپ ٹیسٹ کے ساتھ کی جاتی تھی۔ اب ایچ پی وی ٹیسٹ میں منتقل ہو رہی ہے۔ یہ ایک زیادہ جدید اور بہترٹیکنالوجی ہے جو بلکل اسی طریقے سے انجام دی گئی ہے۔

ہر 4 میں سے 3 افراد اپنی زندگی میں ایچ پی وی سے متاثر ہوں گے۔ کمر سے نچلے حصے میں کسی بھی طرح کے جسمانی تعلق کے ذریعے، چاہے وہ انگلیوں سے ہو، منہ سے ہو یا جسم کے کسی اور حصے سے ہو، اسکے لیے باقاعدہ جنسی فعل ہونا ضروری نہیں ہے۔

ایچ پی وی کی تشخیص کا ٹیسٹ فیس کے عوض دستیاب ہے، جو کہ ممکنہ طور پر نجی بیمہ (پرائیویٹ انشورنس) واپس ادا کر دے گی۔

کنڈم اس وائرس سے مکمل حفاظت فراہم نہیں کرتا کیونکہ جلد پھر بھی آپس میں چھوئی جاتی ہے۔



خود کو محفوظ رکھنے کے 3 طریقے:

1. میں اپنی عمر، جنسی رجحان، جنسی تشخص یا ازدواجی حیثیت سے قطع نظر' ایچ پی وی ویکسین لگوانے پر غور کروں گا/گی ۔

2. اگر میری سروکس موجود ہے تو میں یہ جاننے کے لیے کیوآر کوڈ کو سکین کروں گی کہ مجھے کس عمر سے ایچ پی وی ٹیسٹ کے ساتھ سروائیکل اسکریننگ شروع کرنی ہے اور مجھے کب دوبارہ معائنہ کروانا ہے ۔

3. میں اپنے پیاروں سے ایچ پی وی ویکسین لگوانے اور ایچ پی وی ٹیسٹ کے ساتھ سروائیکل اسکریننگ کروانے کے بارے میں بات کروں گا/گی۔ میں ایچ پی وی ویکسین کے بارے میں مزید معلومات کیلئے کیوآر کوڈ کو سکین کروں گا/گی ۔

www.hpvglobalaction.org